कहीं और चल

کہیں اور چل

اداکاران

دیوانند - آشا پارکھ

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

نرا گانے

کہیں اُدھر چل نظم کے

پانی پہ برسے جب پانی
جب ہوں فضائیں دیوانی
پھر تو ایسے موسم میں
کرتا ہے دِل بھی نادانی
کچھ ڈھونڈتی ہیں دو آنکھیں
کچھ کھوجتا ہے من میرا
وہ کون ہے کہاں پر ہے جسکے خیال نے گھیرا
ساون کی شام جانے کیوں
ہمیں اُلجھنوں میں اُلجھائے
کبھی ناچنے کو جی مچلے
کبھی دِل اُداس ہو جائے
بجلی چمک کر کیوں
ہمیں منہ چڑائے جاتی ہے
نٹ کھٹ اشارے کر کر کے
کیوں مسکرائے جاتی ہے

گانا نمبر ۲ : دبے ہوئے دِل کو نِبھنے کا سہارا بھی نہیں
کن اِشاروں پہ جیئوں کوئی اشارہ بھی نہیں
میرا جیون کیا جیون
ایک لاش ہے چلتی پھرتی
درد جو مجھے جو ملا اُس درد کا چارا بھی نہیں
موت نے مجھکو ٹھکرایا
لگایا بھی نہ گلے سے مجھے
کوئی بتا دے جاؤں کہاں کوئی ہمارا بھی نہیں
گانا نمبر ۳ : زندگی سہارا بھی ہے
اور زندگی گلشن بھی ہے
پیار میں کھو جاؤ گے تو زندگی مدھوبن بھی ہے
رات مِٹ جاتی ہے ہوتا ہے سویرا کا جنم
ڈھیر سے ڈھیر ٹوٹ جاتا ہے اندھیروں کا بھی دم
ہنستے سورج کی طرح سے
زندگی روشن بھی ہے
پار اُترے گا وہی کھیلے گا جو طوفان سے
مشکلیں ڈرتی رہی ہیں نوجواں انسان سے
حل ہی جائیں گے سہارے
زندگی دامن بھی ہے

گانا نمبر۴:۔ رے آنے والے آ۔ تو دیر نہ لگا
ہر آہٹ پہ ہو دھک سے دیوانہ دل میرا
کب سے تیری راہ میں کھڑی ہوں بیزار
بولا جو پپیہا بھی وہ میری ہی پکار
بھنوؤں کو سجائے جیسے باغوں میں بہار
آنکھوں میں سجائے میں نے سپنے ہزار
ہائی میرا من میرے بس میں نہ آئے
جانے کہاں کہاں لیکے مجھے اڑا جائے
ایک بھی نہ مانے میری ضد پہ جو آئے
نیند سے جگا کے مجھے راتوں کو ستائے
جانے کیوں میں سوچوں انہونی سی یہ بات
جہاں بھی تو جائے چلی جاؤں تیرے ساتھ
تھاموں ایک بار تو نہ چھوڑوں تیرا ہاتھ
کبھی سچ ہوگی کب سپنوں کی بات
گانا نمبر۵:۔ شوخ آنکھیں دیکھ کر
صورت پر پیار آ ہی گیا
عمر بھر تڑپا کئے آخر قرار آ ہی گیا
کیسی کیسی الجھنیں تھیں زندگی کے موڑ پر
ساتھ تیرے آگئے ہم سب کو پیچھے چھوڑ کر

آنکھ جب تم سے ملی
دِل میں خمار آ ہی گیا
میں جو اس دنیا میں آئی تو وہ تمہارے واسطے
ایک اپنی منزلیں اور ایک تمہارے راستے
میرا ہمدم میرا ساتھی
راز دار آ ہی گیا

آ میرے بیتاب دِل پر
ہاتھ تو رکھ دے صنم
چھوڑ کر زلفوں کا ساتھ
اب کہاں جائیں گے ہم
تم ملے تو زندگی پر
اعتبار آ ہی گیا

گانا نمبر ۶: ارونا نجھی اوسوس اوشیلا اور جینی
دیکھو کیا لے کے آیا یہ موسم اس بار
وہ گلاب بھی کھلے گا سجدا نشکایت نام ہے پیار
آ گئی چنچل ہوائیں گیت گائیں
دِل کی دُنیا میں نئی ہلچل مچائے
پیار کے دِن ہیں محبت کے زمانے
چپ نہ بیٹھو تم بھی چھیڑو یہ ترانے

زندگی ارمان بن کر گنگنائی
ایک نئی پہچان بن کر مسکرائی
بیخودی یہ کس جہاں میں کھینچ لائی
ہر طرف سے بس یہی آواز آئی
ہم سے بھی کچھ کہہ رہی ہے یہ فضائیں
صبر دل کا آزمائی ہیں گھٹائیں
چھیڑتی ہیں ہمکو بھی نٹ کھٹ ادائیں
پھر بھی کیوں مجبور ہیں ہم کیا بتائیں

ختم شد

عملیات تسخیر عالم

اس سلسلے کی یہ وہ لاثانی کتاب ہے۔ جس کی تعریف احاطہ تحریر میں نہیں آسکتی ایک دو نہیں سینکڑوں عملیات ہیں۔ اور ایک سے ایک لاجواب کامل مصنف نے بیروں فقیروں اور با عمل عالموں کے صدری اور اسلاری عملیات بالجمل اس کتاب میں درج کر دیئے ہیں۔
قیمت صرف ۔/۱۸/۲ علاوہ ڈاک خرچ

ملنے کا پتہ ازمن انڈیا کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی

مکمل مرغی خانہ مکمل ہر سہ حصہ

یعنی

تجارتی مرغی خانہ۔ کامیاب مرغی خانہ۔ طبیب مرغی خانہ جس میں مرغیوں کے پالنے۔ پرورش کرنے اُن کی نسل افزائی کرنے کے کامیاب طریقے۔ انڈوں سے بچے نکالنا۔ اُن کے ہر مرض کا علاج اور دیگر معلومات درج ہیں۔

قیمت صرف چار روپے علاوہ ڈاک خرچ

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور پھر فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اس لئے فاضل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں۔

قیمت صرف ۔/۱ علاوہ ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اصلی پرانا اندر جال یعنی اُستاد جادوگراں

اس کتاب میں محبت کیلئے عمل محبوب بغیر زیر ہو۔ حاکم مہربان ہو۔ دفینہ ہاتھ آئے۔ بچہ ہر آفت سے بچا رہے دماغ روشن ہو۔ گمشدہ کی تلاش۔ پردیس گئے ہوئے کو واپس بلانا۔ کاروبار میں ترقی ہو۔ عزت ہو۔ دشمن خراب ہو۔ دولت مل جائے طلسمی انگوٹھی۔ تعویذ بنانا۔ آگ سے پیر نہ جلے۔

قیمت صرف چار روپے بمعہ ڈاک خرچ

روشنائی سازی سیاہیاں بنانا

ہر طرح کی فاؤنٹین پین میں کام آنے والی و ہر طرح کی سیاہی کے بنانے کا ڈھنگ پوری طرح سے سمجھایا گیا ہے سیاہی کا کاروبار شروع کر کے روپیہ کمائیں۔

قیمت صرف ۔/۸ بمعہ ڈاک خرچ

حسن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی